پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ
13/12/2021

ریاستی پسماندہ طبقہ کمیشن کی میٹنگ 15 دسمبر کو

لکھنؤ : ۱۳/ دسمبر ۲۰۲۱ء-

اتر پردیش ریاستی پسماندہ طبقہ کمیشن کے چیرمین جناب جسونت سینی کی صدارت میں کمیشن کی میٹنگ 15 دسمبر 2021 کو صبح 11:00 بجے اندرا بھون، تیسری منزل واقع دفتر کے کمرہ نمبر-316 میں مدعو کیے جانے کی تجویز ہے۔

یہ اطلاع اتر پردیش ریاستی پسماندہ طبقہ کی سکریٹری ارچنا گہروار نے آج یہاں دی۔ انہوں نے بتایا کہ اس ضمن میں نائب صدروں اور اراکین کو کمیشن کے چیرمین جناب سینی نے ہدایت دی ہے کہ وہ پسماندہ طبقہ کے مفاد سے متعلق مذاکراتی موضوعات کو تحریری شکل میں جلد از جلد فراہم کرانے کو یقینی بنائیں۔

محترمہ گہروار نے بتایا کہ کمیشن کے تمام سیل کے افسران کو بھی ہدایت دی گئی ہے کہ وہ میٹنگ کیلئے اگر کوئی اجینڈا ہو، جو اجینڈا نوٹ تیار کر جلد از جلد پیش کرنے کو یقینی بنائیں۔

☆☆☆☆☆